بیان کے ساتھ سلاطین کے نام مکاتیب کی تفصیلی بحث پر اس حصے کا اختتام ہوتا ہے، تیسرا حصہ سات ہجری کے واقعات کے بیان سے شروع ہوتا ہے اور اس میں آٹھ ہجری تک کے واقعات کا احاطہ کیا گیا ہے، جب کہ آخری حصے کا آغاز نو ہجری سے ہوتا ہے اور اس میں نبی کریم ﷺ کے انتقال فرمانے کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بیعت وخلافت تک کے واقعات کا احاطہ کیا گیا ہے۔

کتاب کے مضامین خود مؤلف رحمہ اللہ کی تصریح کے مطابق زیادہ تر ابن اثیرؒ کی الکامل اور ابن ہشامؒ کی السیرۃ النبویہ سے اخذ کئے گئے ہیں، البتہ قدیم اسلوب کے مطابق حوالہ جات کا اہتمام نہیں کیا گیا۔ فاضل مرتب نے اس قدیم کتاب میں بعض مقامات پر زبان کی قدامت کو بھی درست کیا ہے، اور اثنائے کتاب میں جا بجا عنوانات کا بھی اضافہ کیا ہے، یقیناً ان امور سے کتاب سے استفادہ سہل ہو گیا ہے، جس پر فاضل مرتب مبارک باد اور اظہار تشکر کے مستحق ہیں۔

نام کتاب: معارف اسم محمد ﷺ

تالیف: مولانا محمد ثناء اللہ سعد شجاع بادی

صفحات: ۱۹۶

قیمت: ۹۰/روپے

ناشر: دار الکتاب، کتاب مارکیٹ، اردو بازار لاہور

تبصرہ نگار: محمد احمد حافظ

حضور نبی کریم ﷺ کا مبارک تذکرہ ہر مسلمان کے لئے سرمایہ حیات ہے، ہر وہ چیز جس کا تعلق آپ کی ذات گرامی سے ہے اپنے مقام میں اعلیٰ وارفع ہے، اس بات میں کوئی شبہ نہیں کہ خدائے لم یزل نے آپ کی ہر ادا، ہر فعل، اور ہر حرکت میں یمن وبرکت ودیعت فرما دی ہے، یہی کیفیت آپ کے اسم گرامی کی ہے، محمد ﷺ وہ پیارہ سا خوب صورت نام جسے زبان پر لاتے ہی انسان قلب کی گہرائیوں تک حلاوت محسوس کرتا ہے، یہ نام گوناگوں خوبیوں، معرفت کی بلندیوں، اور وسیع وعمیق علمی گہرائیوں کا حامل ہے۔

کتاب ''معارف اسم محمد'' کچھ ایسی ہی کیفیات کے در آپ کے قلب ودماغ پر وا کرتی ہے۔ کتاب کے چھ ابواب ہیں: ۱۔ تاریخ اسم محمد، ۲۔ کمالات اسم محمد، ۳۔ برکات اسم محمد، ۴۔ تعظیم اسم، ۵۔ جلوہ ہائے اسم محمد، ۶۔ اسم محمد کی روشنی ہندو دھرم میں۔ عشق ومحبت نبوی سے لبریز اور حسن ترتیب سے آراستہ یہ

کتاب قاری کے دل و دماغ میں حضور ختمی مرتبت ﷺ سے بے پناہ محبت کی جذبات موج زن کرتی ہے، اس کا مطالعہ اہل محبت کے لئے سرمہ بصیرت ہے۔ جواں عزم قلم کار مولانا ثناء اللہ سعد کی یہ کاوش داد ہی نہیں دید کی قابل بھی ہے، مناسب کاغذ اور خوب صورت سرورق کے ساتھ شائع کی گئی یہ کتاب یقیناً ایک خوب صورت تحفہ شمار کی جائے گی۔

نام کتاب: خطبات سیرت

مؤلف: ڈاکٹر محمد سلمان ندوی

ناشر: قرشی فاونڈیشن معہد ام القریٰ جامعہ اشرفیہ۔ لاہور

تبصرہ نگار: ڈاکٹر نثار احمد

زیر نظر کتاب (خطبات سیرت) کوئی باقاعدہ تصنیف نہیں ہے بلکہ لاہور کی مشہور دینی تعلیمی درس گاہ جامعہ اشرفیہ کے زیر اہتمام ڈاکٹر سید سلمان ندوی صاحب کی آٹھ تقاریر اور ایک خطبہ جمعہ پر مشتمل ہے۔

جناب پروفیسر ڈاکٹر سلمان ندوی صاحب کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں، وہ خود بھی عالم فاضل اور عرصہ دراز سے مغربی، یورپی جامعات ان کی علمی سرگرمیوں کا مرکز ہیں اور ایک زمانے تک ڈربن یونیورسٹی سے وابستہ رہے ہیں، تاہم ان کا سب سے بڑا تعارف یہ ہے کہ وہ مورخ اسلام حضرت مولانا سید سلیمان ندوی مرحوم و مغفور کے خلف الرشید ہیں۔ اگر ان کے والد محترم کا بے نظیر کارنامہ سرت النبی کی تصنیف ہے تو آنجناب یعنی ڈاکٹر سلمان ندوی بھی سیرت النبی ﷺ سے خاص تعلق و شغف رکھتے ہیں۔

ان خطبات میں ڈاکٹر صاحب موصوف نے سیرت نبوی ﷺ کے بہت ضروری اور اہم مباحث کا احاطہ فرمایا ہے چنانچہ ۸ لیکچرز میں مجموعی حیثیت سے جن موضوعات پر اظہار خیال فرمایا اس کا اندازہ فہرست عنوانات سے بہ آسانی کیا جا سکتا ہے یعنی: ۱۔ اسلام سے قبل عرب کے مذہبی، سماجی اور سیاسی پس منظر کا تجزیہ، ۲۔ پہلی وحی اور اس کے اثرات، ۳۔ قریش کی طرف سے شدید مزاحمت کی وجوہات، ۴۔ معراج کی حقیقت و اہمیت اور نتائج مجالس عقبہ، ۵۔ ہجرت مدینہ تاریخ اسلام کا نقطہ انقلاب ۶۔ میثاق مدینہ کی ضرورت اور اس کی اہمیت، ۷۔ نمایاں غزوات، بدر، احد اور خندق اور ان کے اسباب اور دوررس نتائج، ۸۔ صلح حدیبیہ، ایک کھلی کامیابی۔

زیر تبصرہ کتاب چونکہ بنیادی طور پر تقاریر کا مجموعہ ہے اور سامعین میں مدرسے کے طلبا، اساتذہ